
26th August, 2024

# AMONG MARRIED PAKISTANIS, ALMOST 1 OUT OF 3 (30%) HAD BEEN MARRIED FOR 5 TO 10 YEARS; WOMEN AND RURAL RESIDENTS MORE LIKELY TO REPORT THIS STATISTIC: GALLUP & GILANI PAKISTAN

شادی شدہ پاکستانیوں میں سے،تقریباً ہر 3 میں سے 1 (30% ) پاکستانی کی شادی کو تقریباً 5سے 10 سال کا عرصہ ہو چکا ہے ۔اس حوالے سے شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی ۔

Question: Approximately how many years have you been married?



(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ذاتی معلومات

ازواجی حیثیت

شادی اور سماجی رویے پر پریس ریلیز کی سیریز کا تیسرا حصہ

**شادی شدہ پاکستانیوں میں سے، تقریباً ہر 3 میں سے 1 (30%) پاکستانی کی شادی کو تقریباً 5 سے 10 سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔اس حوالے سے شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی۔**

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 26 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، شادی شدہ پاکستانیوں میں سے، تقریباً ہر 3 میں سے 1 (30%) پاکستانی کی شادی کو تقریباً 5 سے 10 سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے شادی کو 5 سے 10 سال گزر جانے کے حوالے سے بتانے والوں کی شرح مرد حضرات کی نسبت خواتین میں 12% زیادہ پائی گئی۔اس کے ساتھ ساتھ، شادی کو 5 سے 10 سال کا عرصہ ہو جانے کے حوالے سے شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 8% زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس پریس ریلیز کی سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کی شادی کو تقریباً کتنے سال ہو چکے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 17% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کو تقریباً 2 سے 5 سال ہو چکے ہیں، 30% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کو تقریباً 5 سے 10 سال ہو چکے ہیں، 17% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کو 10 سے 15 سال، 14% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کو 15 سے 20 سال ہو چکے ہیں، 9% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کو 20 سے 25 سال ہو چکے ہیں جبکہ 13% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کو تقریباً 25 سے زائد سال ہو چکے ہیں۔

**"آپ کی شادی کو تقریباً کتنے سال ہو چکے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** شادی کو 5 سے 10 سال کا عرصہ ہو جانے کے حوالے سے شرح مرد حضرات (24%) کی نسبت خواتین میں 12% زیادہ پایا گیا۔اس کے بر عکس، 16% مرد حضرات کے مطابق اُن کی شادی کو 25 سے زائد ہو چکے ہیں، جبکہ اس حوالے سے شرح خواتین میں 9% پائی گئی ۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے (25%) کی نسبت، دیہی علاقوں میں رہنے والے (33%) افراد کی زیادہ شرح نے اپنی شادی کے 5 سے 10 سال ہو جانے کے حوالے سے بتایا ۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے (15%) افراد کے مقابلے میں دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی 5% زیادہ شرح نے اپنی شادی کے 2 سے 5 سال کا عرصہ ہو جانے کی اطلاع دی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 530 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## شادی اور سماجی رویے پر 2024 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2024 میں پاکستان میں شادیوں اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1**: ازدواجی حیثیت – https://gallup.com.pk/post/37262

**پریس ریلیز 2**: والدین کی پسند کی شادی (Arranged Marriage) یا اپنی پسند کی شادی (Love Marriage) – https://gallup.com.pk/post/37276

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 26th August, 2024**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)